**28/01/2025**

**07.40 PM**

**Signature Tune**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر

ہیڈ لائنز

☆ ………… وزیر اعظم نریندر مودی نے اُڑیشہ میں ''اُتکرش اُڑیشہ۔ میک ان اُڑیشہ'' سمٹ کا کیا افتتاح۔

☆ ………… حکومت جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کیلئے پُرعزم// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ۔

☆ ………… جموں میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا مہاراجہ ہری سنگھ ایوارڈ سے سرفراز// ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں کئی دیگر اہم شخصیات بھی شامل۔

اور

☆ ………… معراج النبیؐ کے سلسلے میں زیارت گاہوں، خانقاہوں اور مساجد میں رقت آمیز مجالس کا انعقاد۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بھوبنیشور میں ''اُتکرش اُڑیشہ۔ میک ان اُڑیشہ'' کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر وزیر اعظم نے کہا کہ مشرقی بھارت ملک کی ترقی میں ایک اہم رول ادا کر رہا ہے اور اس ضمن میں اُڑیشہ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

نریندر مودی نے تحقیق و اختراع کیلئے ایک متحرک ایکو نظام تیار کرنے کے حکومت کے عزم کو دوہرایا اور صنعت کاروں سے زور دیکر کہا کہ وہ اس کوشش میں حکومت کے ساتھ اشتراک کریں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ اگرچہ انکی حکومت جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کیلئے پُرعزم ہے تاہم فی الحال یوٹی کے اندر رہ کر بھی بہت ساری چیزوں کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔

آج جموں میں ایک نجی ٹی وی چینل کے کنکلیو میں بولتے ہوئے انہوں نے امید ظاہر کی کہ وزیر اعظم نریندر مودی جموں وکشمیر کے سٹیٹ ہڈ کو بحال کرنے کیلئے اپنا وعدہ جلد ہی پورا کریں گے۔

--------Byte---(CM)-----

عمر عبداللہ نے کہا کہ جموں وکشمیر میں بجلی کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی شعبے کے خسارے کو کم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

--------Byte---(CM)-----

بعد میں وزیر اعلیٰ نے ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ وقف ترمیمی بل پر حتمی فیصلہ پارلیمنٹ ہی لے گا، انہوں نے کہا کہ

--------Byte---(CM)----

ایوارڈ

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج جموں میں مہاراجہ ہری سنگھ ایوارڈ عطا کرنے کی ایک تقریب میں شرکت کی اور مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی دکھانے والوں میں ایوارڈ تقسیم کئے۔ تقریب کے دوران پہلے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کو سمّان سے سرفراز کیا گیا۔

جتیندر سنگھ

سائنس وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج آئی آئی ٹی آر لکھنو میں ڈائمنڈ جبلی تقریبات کے دوران ''ایک پیڑ ماں کے نام'' مہم کے تحت ایک پودا لگایا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس پہل سے ماحولیاتی توازن کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔

مرکزی وزیر

**MSME** کی مرکزی وزیر مملکت شوبا کرندلاجے نے آج بارہمولہ میں ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں ایسپریشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے تیز تر ترقی حاصل کرنے کیلئے کلیدی ترقیاتی اہداف کو حاصل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

اس دوران وزیر موصوفہ نے اینڈ ویورولوجیکل سہولت اور **GMC** بارہمولہ میں ایم آر ڈی رجسٹریشن سینٹر اور جدید طرز کے ایک پالی گرین ہاوس کا بھی افتتاح کیا۔ اس موقعے پر **MLA** جاوید حسن بیگ بھی موجود تھے۔

شب معراج

وادی بھر میں معراج النبیؐ کی تقریب سعید مذہبی جوش وخروش اور تزک واحتشام کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ اس تعلق سے آج سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوئی جہاں آج نماز پنجگانہ کے بعد زائرین دیدار موئے مقدس آنحضورؐ سے فیضیاب ہوئے۔ آج ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مندوں نے آثار شریف درگاہ حضرت بل میں حاضری دی۔ اس موقعے پر انہوں نے ملک وقوم کی فلاح و بہبود اور امن وسکون کیلئے خصوصی دعائیں مانگی۔

------Byte---(Darood)----

اسی طرح کی تقاریب آثار شریف شہری کلاشپورہ، جناب صاحب صورہ، پنجورہ شوپیان، کھِرم سرہامہ، کعبہ مرگ، مکھامہ بیروہ اور دیگر زیارت گاہوں، خانقاہوں اور بقہ جات میں بھی منعقد ہوئیں۔ اس سے پہلے کل رات نماز عشاء کے بعد زیارت گاہوں اور مساجد میں شب بیداری کی مجالس آراستہ ہوئیں جن میں کافی تعداد میں فرزندانِ توحید نے شرکت کی۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج درگاہ حضرت بل میں حاضری دی۔ انہوں نے جموں وکشمیر کے امن وامان اور لوگوں کی خوشحالی کیلئے دعا کی

نشہ

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی واجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...... ...... ...... Byte......(PM)...... ...... ......

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر کاوشیں جاری ہیں۔ اس حوالے سے جب ہم نے وادی کے ایک سینئر صحافی حکیم عرفان کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

...... ...... Byte......(Irfan)......

سینٹرل یو نیورسٹی

سینٹرل یو نیورسٹی آف کشمیر کی طرف سے شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ میں 30 اور 31 جنوری کو آل انڈیا انٹر یو نیورسٹی سرمائی کھیل مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ان کھیلوں میں ملک کی مختلف یو نیورسٹیوں کے 200 ایتھلیٹ شرکت کر رہے ہیں۔ اس بارے میں سینٹرل یو نیورسٹی آف کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر ناتھ نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

--V/O---(Ravinder Nath)

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

akashvanisrinagarnews@gmail.com

پر بھیج سکتے ہیں۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں فصلوں کی پیداوار بڑھانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ جموں میں آج ایک نجی ٹی وی چینل کے کنکلیو کے دوران بولتے ہوئے انہوں نیکہا کہ زرعی پیداوار کو بڑھاوا دینے کیلئے ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام عملایا جا رہا ہے۔

رپورٹ

داخلی امور کی مرکزی وزارت نے حال ہی میں پدم ایوارڈس کا اعلان کیا۔ یہ ایوارڈ تین زمروں یعنی پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری میں دیئے جاتے ہیں۔ جموں کے پروفیسر للت کمار منگوترا کو ادب اور تعلیم کے شعبے میں پدم شری ایوارڈ سے نوازا جا رہا ہے۔ یہ ایوارڈ صدر جمہوریہ درو پدی مرمو مارچ - اپریل مہینے میں عطا کریں گی۔

پروفیسر للت کمار منگوترا نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

...... ...... ...... **Byte** ...... **(Mangotra)** ...... ......

بھارت پرو

آکاشوانی، یوم جمہوریہ کے تناظر میں 26 جنوری سے 31 جنوری تک ''بھارت پرو'' منا رہا ہے۔ اس دوران ملکی آئین کے مختلف گوشوں کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ 1950 میں 26 جنوری کو ہی بھارتی آئین کا نفاذ عمل میں لایا گیا تھا۔ یہ دن عوام کو آئین میں موجود اقدار کو بالا دست رکھنے کی یاد دہانی کراتا ہے جن سے سبھی کیلئے انصاف، مساوات اور وقار کی یقینی دہانی ہوتی ہے۔

ست شرما

دوردرشن اپروڈ ڈرامہ آرٹسٹ ایسوسی ایشن کے وفد نے آج جموں میں بی جے پی کے صدر ست شرما کے ساتھ ملاقات کی اور انکے سامنے جموں میں سیٹا لائٹ ڈُگر چینل قائم کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس موقعے پر سابق نائب وزیر اعلیٰ کویندر گپتا اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

ہینڈی کیپڈ

جموں وکشمیر ہینڈی کیپڈ ایسوسی ایشن نے قوت بصارت سے محروم طلباء کو با اختیار بنانے کیلئے ایک ورچول ڈیجیٹل لٹریسی سینٹر شروع کیا ہے۔ جہاں کشمیر وادی سے تعلق رکھنے والے مختلف ضلعوں کے پسماندہ کنبوں سے تعلق رکھنے والے **10** طلباء کو ڈیجیٹل لیٹریسی سے متعلق تربیت دی جا رہی ہے۔ اس ضمن میں ایسوسی ایشن کے رضا کار اور ڈیجیٹل لیٹریسی کنسلٹنٹ ابرار احمد نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**--------V/O---(Abrar)------**

مہا کنبھ

اُتر پردیش کے شہر پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ جاری ہے۔ اب تک **15** کروڑ سے زائد شردھالوں نے پوتر اسنان میں حصہ لیا۔ مہا کنبھ میلہ **26** فروری تک جاری رہے گا۔

...... ...... ...... ...... **Music** ...... ...... ...... ......

تپ دق

جموں وکشمیر میں **100** دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدومد سے جاری ہے۔ مہم سے کئی ایک تپ دق بیمار مستفید ہوئے ہیں اور یہ مریض صحت یاب ہو کر معمول کی زندگی گذار رہے ہیں۔ صحت یاب ہوئے ایک مریض نے اپنے تاثرات کچھ اس طرح بیان کئے۔

**------V/O------**

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک جبکہ بالائی علاقوں میں کہیں کہیں پر ہلکی برفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 14 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 31 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5 بجکر 57 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجیئے اجازت// خدا حافظ۔